PAKISTAN DOMESTIC
SEASON 2019-20
14 SEP - 24 APR
CRICKET
CHAMPIONS
Inspiring the Nation

قومی انڈر 19ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کاچوتھا راؤنڈ مکمل

- عبدالواحد کی آلراؤنڈ کارکردگی کی بدولت بلوچستان نےسدرن پنجاب کو شکست دے دی
- سمیر ثاقب کی ناقابل شکست سنچری نے سنٹرل پنجاب کو کامیابی دلادی
- سندھ نے خیبرپختونخوا کو ہرادیا، محمد مکی کے 4 شکار

لاہور، 26 اکتوبر 2019ء:

قومی انڈر 19 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے چوتھے راؤنڈ میں بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 5وکٹوں سے شکست دے دی۔ ڈرنگ اسٹیڈیم بہالپور میں کھیلے گئے میچ میں سدرن پنجاب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 202 رنز بنائے۔اوپنر باسط علی 78 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔بلوچستان کے اسپنرز عبدالواحد اور محمد ابراہیم نے بالترتیب 24 اور 28 رنز دے کر 4،4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔جواب میں بلوچستان کی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 47ویں ا وور میں 5وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اوپنر عبدالواحد نے 84 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔100 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 10 چوکے اور 2 چھکےشامل تھے۔سدرن پنجاب کی جانب سے حارث جاوید نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔

دوسری جانب سنٹرل پنجاب نے ناردرن کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5 رنزسے شکست دے دی۔ رانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 273 رنز بنائے۔مڈل آرڈر بیٹسمین سمیر ثاقب نے 120 گیندوں پر 131 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ان کی اننگز میں 12 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔ ناردرن کی جانب سے مہران ممتاز نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔274 رنز کے تعاقب میں ناردرن کی ٹیم مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 268 رنز ہی بناسکی۔ مبصر خان 90 اور حسان عابد

نے 72 رنز کی اننگز کھیلی۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے غفران ہادی نے 3 جبکہ عمرایمان اورعلی عمران نے 2،2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

ادھر سندھ نےخیبرپختونخوا کو 22رنزسے شکست دے دی۔ اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں سندھ کی ٹیم 195رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔مڈل آرڈر بیٹسمین محمد عثمان نے 3 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے55رنز کی اننگز کھیلی۔خیبرپختونخوا کی جانب سے اظہار احمد اور محمد عامر نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔جواب میں خیبرپختونخواکی پوری ٹیم 48اوورز میں 173 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سلمان خان جونیئر 54 رنز بنا کر ٹاپ اسکوررہے۔ سندھ کی جانب سے محمد مکی نے 4 جبکہ آرش علی خان، طلحہ احسن اورمحمد طحٰہ نے 2،2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk